# حنفی مقتدی کا کسی اور مذہب والے امام کے پیچھے نماز پڑھنا

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں حنفی ہوں کیا حنفی کی نماز کسی اورمذہب والے امام یعنی شافعی امام کے پیچھے جائز ہے۔اگر جائز ہے حنفی مقتدی کس کس فعل میں شافعی امام کی پیروی کرے۔

سائل:احمد فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

اگر شافعی امام کسی ایسے کام کا ارتکاب کرے جو ہمارے مذہب میں طہارت کو ختم کرنے والا یا نماز کو توڑنے والاہوتو شافعی کے پیچھے حنفی کی نماز جائز نہیں مثلاًاس شافعی امام نے تھوڑے نجس یامستعمل پانی سے وضو یا غسلِ فرض کیا یا چوتھائی سر سے کم کا مسح یا زخم وغیرہ سے خون نکلنے اورقے آنے پر وضو نہ کیایا درھم کی مقدار سے زائد منی آلودہ کپڑے سے نماز پڑھائی یا کوئی فرض ایک بار پڑھ کر پھر اُسی نماز میں امام ہوگیا ہو۔ان تمام صورتوں میں حنفی کو سرے سے اُس کی اقتداء جائز ہی نہیں اور اسکے پیچھے نماز محض باطل ہے۔

غنیۃ میں ہے "اما الاقتداء بالمخالف فی الفروغ کالشافعی فیجوز مالم یعلم منہ مایفسد الصلاۃ علی اعتقاد المقتدی علیہ الاجماع انما اختلف فی الکرھۃ" فروعات میں مخالف مثلاً شافعی المسلک کی اقتداء اس وقت جائز ہوگی جب اس سے ایسے عمل کا علم نہ ہو جو اعتقادِ مقتدی میں مفسدِنماز ہو جواز پر اجماع ہے البتہ کراہت میں اختلاف ہے ۔

(غنیۃ المستملی شرح منیۃ المستملی فصل فی الامامۃ ص ۵۱۶)

اگر وہ شافعی امام ایسے امور کا ارتکاب نہ کرے جو مذہب احناف میں ناقضِ طہارت اور مفسدِ نماز ہوں توایسے شافعی امام کی حنفی کو اقتداء کرنا جائز ہے۔مگر اُس وقت بھی ان باتوں میں شافعی امام کی پیروی نہ کرے جو حنفی مذہب میں ناجائز ونامشروع قرار پاچکی ہیں۔ اگر حنفی ان باتوں کی متابعت کرے گا تو اُس کی نماز اس نامشروع کی مقدار کراہت پر مکروہ تحریمی یا تنزیہی ہوگی کہ امام پیروی مشروع میں ہوتی ہے نہ کہ غیر مشروع میں۔

ردالمحتار میں ہے:" تکون المتابعۃ غیر جائزۃ اذاکانت فی فعل بدعۃ او منسوخ او ما لاتعلق لہ بالصلٰوۃ"امام کی متابعت بدعت، عمل منسوخ اورہر اس عمل میں جائز نہیں جس کا تعلق نماز سے نہ ہو۔

(رالمحتار مطلب مہم فی تحقیق متابعۃ الامام مطبوعہ مصطفی البابی مصر ۱/۳۴۸)

جیسےرکوع وغیرہ میں رفع یدین ہمارے ائمہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم کے نزدیک منسوخ ہوچکا ہے اور منسوخ پر عمل نا مشروع ، تو اس میں شافعی امام کی پیروی نہ کرے ۔امام ملک العلماء ابوبکر مسعود کاشانی قدس سرہ الربانی بدائع میں فرماتے ہیں: "لو اقتدی بمن یرفع یدیہ عند الرکوع او بمن یقنت فی الفجر او بمن یری خمس تکبیرات فی صلٰوۃ الجنازۃ لایتابعہ لظھور خطیئہ بیقین لان ذلک کلہ منسوخ "

اگر کسی نے ایسے امام کی اقتداء کی جو رکوع کے وقت رفع یدین کرتا ہے یا نمازِ فجر میں قنوت پڑھتا ہےیا تکبیرات ِ جنازہ پانچ کہتا ہے تو مقتدی اس کی اتباع نہ کرے کیونکہ اس کا غلطی پر ہونا یقینی ہے کیونکہ یہ تمام منسوخ ہیں۔
(بدائع الصنائع فصل فی بیان قدر صلٰوۃ العیدین ۲۷۸/۱)
قومہ میں ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا شوافع کے نزدیک نمازِ فجر کی آخری رکعت میں ہمیشہ اوررمضان المبارک کے نصف اخیر میں وتر کی تیسری رکعت میں مروج ہے کہ وہ ان میں دعائے قنوت پڑھتے ہیں ۔قنوت ِفجر تو ہمارے ائمہ کے نزدیک منسوخ یابدعت ہے ، بہرحال ہمارے نزدیک یقینا نامشروع ہے۔لہٰذا اس میں شافعی امام کی پیروی ممنوع ،اور جب اصل قنوت میں پیروی منع ہے تو ہاتھ اٹھانے میں بھی منع ہے کہ یہ اس کی فرع ہے لہٰذا وُہ جب تک نمازِفجر میں قنوت پڑھے مقتدی ہاتھ چھوڑے چُپ کر کے کھڑا رہے۔
علامہ شرنبلالی نورالایضاح میں فرماتے ہیں : "اذا اقتدی بمن یقنت فی الفجر قام معہ فی قنوتہ ساکتا علی الاظہر ویر سل یدیہ فی جنبیہ " اگر کسی نے ایسے امام کی اقتدا کی جو فجر میں قنوت پڑھتا ہے تو مختار قول کے مطابق اس کے ساتھ خاموش کھڑا رہے اور اپنے ہاتھ پہلوؤں کی طرف چھوڑ دے۔
( نور الایصاح باب الوتر ص۳۸)
شافعی کے قنوت پڑھنے کی حالت میں حنفی ہاتھ باندھے یا چھوڑے یا دعا کی طرح اُٹھائے ، کیا کرنا چاہئے ،اس کی تصریح کتب احناف میں نہیں ہےمگر سیدی اعلی حضرت امام اہلسنت امام احمدرضا خان علیہ رحمۃ الرحمن کا میلان اس طرف ہے کہ حنفی مثلِ قیام ہاتھ باندھے کھڑا رہے۔
آپ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ جب اسے قنوت پڑھنے کا حکم ہے تو یہ قیام ذی قرارو صاحبِ ذکر ،مشروع ہوا اور ہر ایسے قیام میں ہاتھ باندھنا نقلاً وشرعاً سنّت اور عقلاً و عرفاً ادبِ حضرت اور ترکِ سنّت میں امام کی پیروی نہیں۔
[فتاوی رضویہ ج۶ ص۴۱۱]
یوں ہی حنفی ہر وہ سنت بجالائے جس سے امام کی کسی واجب فعلی میں مخالفت لازم نہ آئے اور ہمارے ائمہ کا اجماع ہے کہ آمین میں سنّت اخفا ہے ۔یعنی اگر شافعی امام بلند آواز سے آمین کہے توحنفی مقتدی آہستہ آواز میں آمین کہے۔

جیسا کہ سیدی اعلی حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں کہ یوں ہی ہمارے ائمہ کا اجماع ہے کہ آمین میں سنّت اخفا ہے اور اس کی بجا آوری میں امام سے کسی واجب فعلی میں مخالفت نہیں تو کیوں ترک کی جائے۔

[فتاوی رضویہ ج۶ ص۴۱۵]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسنمحمد قاسم ضیاء قادری

**A Hanafī praying salāh behind an Imām who is a follower another Madh'hab**

الحمدلله والصلوة والسلام على رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Din and muftis of the Sacred Law state regarding the following issue: I am a Hanafī - is it permissible for a Hanafī to pray behind an Imām of another School of Thought, for instance a Shafi'ī. If permissible, then which actions is a Hanafī to follow a Shafi'ī Imām in?**

Questioner: Ahmad from England

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِكِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

If a Shafi'ī Imām does such an action which would void purity or nullify salāh, then the salāh of a Hanafī is not permissible behind such Shafi'ī Imām. For example, if a Shafi'ī Imām was to perform Wudū' or Ghusl which was Fard with slightly impure or used water, wiped less than 1/4 of the head, did not perform Wudū' upon the exiting of blood due to a wound, etc or upon vomiting, lead salāh in clothes which were soiled with semen which was more than the size of a Dirham (~50p), or after having prayed a Fard (salāh), then becoming the Imām of that same salāh.[1] In all of the aforementioned cases, it is not permissible at all for a Hanafī to follow from the onset, and salāh behind such an Imām is merely invalid.

It is stated in Ghunyah,

"اما الاقتداء بالمخالف فى الفروغ كالشافعى فيجوز مالم يعلم منہ مايفسد الصلاة على اعتقاد المقتدى عليہ الاجماع انما اختلف فى الكرهة"

"To follow someone contrary in secondary matters[2] - for instance, a Shafi'ī - is only permissible when the one following is unaware of any action which would invalidate their own salāh when following such an Imām. There is consensus upon it being permissible, whereas, there is a difference of opinion with regards to it being disliked."

[Ghunyah al-Mustamlī sharh Munyah al-Mustamlī, pg 516]

[1] All of these actions are not allowed in the Hanafī Madh'hab, as compared to the Shafi'ī Madh'hab.
[2] primary matters being of faith & belief, secondary being of deeds & virtues, etc.

If a Shafi'ī Imām does not do such an action which would invalidate Wudū' or void salāh, then it is permissible for a Hanafī to pray behind such Shafi'ī Imām. Although, the Hanafī is not to follow the Shafi'ī Imām in those matters which are impermissible and have not been stipulated by Sharī'ah according to the Hanafī Madh'hab. If a Hanafī was to go ahead with such actions, then the salāh of such person will be Makrūh to the extent of the non-stipulated amount of the action(s); of either Tahrīmī or Tanzīhī, as the Imām is meant to be followed in stipulated actions of Sharī'ah, not in non-stipulated action.

It is stated in Radd al-Muhtār,

"تکون المتابعۃ غیر جائزۃ اذاکانت فی فعل بدعۃ او منسوخ او ما لاتعلق لہ بالصلٰوۃ"

"Following an Imām in matters of innovation, mansūkh [abrogated] actions, and matters unrelated to salāh is not permissible."

[Radd al-Muhtār, vol 1, pg 368]

Just as according to our respected Imāms, may Allāh Almighty be pleased with them all, the action of Raf' al-Yadayn[3] has become mansūkh, and acting upon mansūkh matters is not stipulated in Sharī'ah, thus such person is not to follow a Shafi'ī Imām in this regard. Imām Malik al-'Ulamā' Abū Bakr Mas'ūd al-Kāsānī, may the Divine Lord ﷻ sanctify him, states in Badā'i',

"لو اقتدی بمن یرفع یدیہ عند الرکوع او بمن یقنت فی الفجر او بمن یری خمس تکبیرات فی صلٰوۃ الجنازۃ لایتابعہ لظھور خطیئہ بیقین لان ذلک کلہ منسوخ"

"If someone followed such an Imām who does Raf' al-Yadayn at the time of Rukū', prays Qunūt in Fajr salāh, or recites five Takbīrs of the funeral salāh, then the one praying behind is not to follow these actions due to the surety of this incorrectness[4], because all of these actions are mansūkh."

[Badā'i' al-Sanā'i', vol 1, pg 278]

It is normal to raise the hands in Qawmah and supplicate in the last Rak'ah of Fajr salāh on a daily basis, and the last Rak'ah of Witr salāh in the latter half of the night in the month of Ramadān according to the Shafi'īs, as they read the Duā' of Qunūt in this. According to our [Hanafī] Imāms, Qunūt in Fajr is mansūkh or an innovation, therefore for us it is undoubtedly non-stipulated. Thus, one is to refrain

[3] Raising of the hands before Rukū' & Qiyām

[4] According to the Hanafī School of Thought, otherwise all four Schools of Thought are correct respectively in their own right.

from following a Shafi'ī Imām in this regard, and when Qunūt is actually disallowed, this means that the raising of the hands (Raf' al-Yadayn) is also disallowed, as this is not a primarily major matter regarding salāh. Thereby, the one praying behind is to remain quiet for the amount of time the (Shafi'ī) Imām is reciting Qunūt in Fajr salāh.

'Allāmah Shurunbulālī states in Nūr al-Īdāh,

"اذا اقتدى بمن يقنت فى الفجر قام معہ فى قنوتہ ساكتا على الاظہر وير سل يديہ فى جنبيہ"

"If someone is following an Imām who recites Qunūt in Fajr salāh, then according to the chosen stance, he is to remain quiet and leave his hands by the sides."

[Nūr al-Īdāh, pg 38]

There is no explicit mention in Hanafī books of what a Hanafī is supposed to do in terms of either tying his hands, leaving them by the sides, or raising them as though in supplication. Nevertheless, Sayyidī A'lāhadrat, the Imām of the Ahl al-Sunnah, Imām Ahmad Ridā Khān, upon whom be countless mercies, goes towards the stance that a Hanafī is to stand with his hands tied similar to that of Qiyām (i.e. when standing while reciting).

He, upon whom be mercy, states that when he (i.e. the Imām) follows the ruling of reciting Qunūt, then it has been stipulated in Sharī'ah for the other (i.e. the follower; the one praying behind the Imām) to stand in silence & remember God, and this form of standing while tying one's hands is Sunnah in terms of this action being passed down from the predecessors and in terms of Sharī'ah, it is also respectful in the Majestic Court of Allāh Almighty rationally speaking and customarily, and one is not to follow the Imām in him leaving out a Sunnah.

[Fatāwā Ridawiyyah, vol 6, pg 411]

Likewise, a Hanafī is to conform with every Sunnah which does not contradict any Wājib action of the Imām. There is a consensus of our Imāms upon the fact that it is unnah to say Āmīn quietly i.e. if a Shaf'ī Imām says Āmīn loudly, then a Hanafī muqtadī [follower] is to say Āmīn quietly.

Just as Sayyidī A'lāhadrat, the Imām of the Ahl al-Sunnah, Imām Ahmad Ridā Khān, upon whom be infinite mercies, states that likewise, there is a consensus amongst our Imāms that the Sunnah in the matter of Āmīn is that it is to be recited

quietly, and when this does not contradict any Wājib action with regards to the Imām, then why should it not be acted upon.

[Fatāwā Ridawiyyah, vol 6, pg 415]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali